# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : ناہید حسن

کلاس 1 کے لئے

# کیا

مرکزی خیال : غزالہ نعمانی
تصویریں : شاکر خان



## ٹیچر کیلئے تیاری

- یہ ٹیچرز گائیڈ کلاس 1 کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ اس گائیڈ میں کتاب کو پڑھانے کا طریقہ جس طرح مختلف سیشن میں تقسیم کیا گیا ہے وہ محض ایک تجویز ہے کتاب پڑھاتے وقت بچوں کی دلچسپی اور ذہنی ارتقاء کے پیش نظر اس کی ترتیب اور مواد میں ردوبدل کیا جاسکتا ہے۔ ہر کہانی شروع کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ بچوں سے دلچسپ تعارفی گفتگو کی جائے تاکہ ذہنی طو ر پر وہ اس موضوع کے لئے تیار ہو جائیں۔

## تیاری

لفظ ''کیا'' کا بڑا رنگین کٹ آؤٹ تیار کیجئے۔ کتاب ''کیا'' میں نظر آنے والی تصاویر کے مطابق فلیش کارڈ بنائیں۔
الفاظ کیا۔ لڑکا۔ لڑکی۔ امی۔ ابو۔ گھر۔ جھولا۔ درخت۔ دوڑنا۔ بیٹھی۔ باورچی خانہ۔ نل۔ صابن۔ دستانہ۔ دیگچی۔ سیب۔ گاڑی۔ پانی۔ پڑوسی۔ دادا۔ دادی۔ اخبار۔ تکیہ۔ بلی۔ بچے۔
بچوں کے بنائے ہوئے جملوں کی لکھائی کے لئے کاغذ کی پتلی پٹیاں کاٹ لیجئے۔ کتاب ''کیا'' بچوں کو دی جائے گی۔ لہٰذا بچوں کی تعداد کے مطابق اس پر پلاسٹک کور چڑھائیں اور کتاب کے پچھلے صفحے پر slip لگا کر بچوں کے نام اور کلاس لکھیئے۔ ورک شیٹ کی فوٹو کوپی بچوں کی تعداد کے مطابق کروائیں۔ (مددگار الفاظ) آپ ۔ سب۔ میرا۔ میری۔ میرے۔ یہ۔ وہ۔ کے فلیش کارڈ بنائیں۔

# سیشن 1

- سوفٹ بورڈ یا بلیک بورڈ پر ''کیا'' کا رنگین کٹ آؤٹ لگائیں۔ کلاس میں آنے کے بعد بچوں کو بتائیں کہ آج آپ لوگ ایک ایسے لفظ (حروف) پر کام کریں گے جس کے سر پر ایک مرکز ہے۔ بورڈ پر لگے ہوئے کٹ آؤٹ کی طرف اشارہ کریں اور پوچھیں کہ کیا کوئی بچہ پڑھ سکتا ہے کہ یہ کیا لکھا ہے۔ اگر کوئی بچہ پڑھ لے تو اس کی تعریف کیجئے ورنہ لفظ ''کیا'' پڑھ کر بتائیں۔ لفظ ''کیا'' پر دو تین بار آہستگی سے انگلی پھیر کر لکھائی کی ترتیب دکھائیں اور ساتھ ہی آوازیں بھی سنائیں۔ اب بچوں کو بتائیں کہ لفظ ''کیا'' سے سوالیہ جملے بنائے جاتے ہیں لیکن کبھی کبھی حیران کن بات سن کر بھی لفظ کیا بولا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر دونوں طریقوں سے لفظ ''کیا'' کے ساتھ جملے بول کر بتائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ باری باری اس لفظ سے جملے بنائیں۔ بچوں کے بنائے ہوئے جملے بورڈ پر لکھتی جائیں بعد میں بورڈ پر لکھے ہوئے جملے ایک بار پھر پڑھ کر سنائیں۔

## نوٹ

- بچوں کے بتائے ہوئے جملے کاغذ کی پٹیوں پر لکھ کر لائیں۔

# سیشن 2

- پٹیوں پر لکھے ہوئے جملے ''کیا'' کے کٹ آؤٹ کے چاروں طرف لگائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کن بچوں کو اپنے بتائے ہوئے جملے یاد ہیں۔ باری باری جملے پوچھیں اور پٹی پر سے پڑھ کر سنائیں۔ بنائے ہوئے فلیش کارڈ کی پڑھائی کر وائیں۔ اگر کسی بچے کو لفظ پڑھنے میں مشکل ہو رہی ہے تو اس کی مدد کریں۔ الفاظ کی پہلی اور آخری

آوازوں کی پڑھائی بھی کروائیں۔ اب ہر چیز پر کچھ فلیش کارڈ دیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان فلیش کارڈ کو احتیاط سے استعمال کریں۔ تقریباً دس منٹ خاموشی سے بچے وہ الفاظ پڑھیں۔ باری باری ہر بچے کے پاس جائیں اور الفاظ کی پڑھائی کروائیں اور زبانی جملے بھی بنوائیں۔

## سیشن 3

- کلاس میں آنے کے بعد کل پڑھائے گئے الفاظ کی پڑھائی دوبارہ کروائیں۔ اب بورڈ پر ''مددگار الفاظ'' لکھیں اور پڑھ کر سنائیں۔ (الفاظ) یہ۔ وہ۔ ہے۔ ہیں۔ میرا۔ میری۔ میرے۔ بچوں کو بتائیں کہ بغیر ''مددگار الفاظ'' کے جملے نہیں بنائے جا سکتے ہیں اب بچوں کو کوپیاں دیں۔ ٹیچر بورڈ پر دن تاریخ لکھیں بچوں سے کہیں کہ صفحہ کے اوپر والی لائن پر دن اور تاریخ لکھیں اور ''مددگار الفاظ'' کی لکھائی کریں۔ ہر بچے کے پاس جا کر دیکھیں کہ وہ کس طرح لکھ رہا ہے حسب ضرورت ان کی مدد کریں۔

## سیشن 4

- آج کی کلاس میں گروپ میں کام کروایا جائے گا۔ ایک گروپ میں چار یا پانچ بچوں سے زیادہ نہ رکھیں۔ فلیش کارڈ بچوں میں اس ترتیب سے بانٹیں کہ ہر گروپ ان کارڈز پر لکھے ہوئے الفاظ سے ایک جملہ ترتیب دے سکے۔ بچوں کی آسانی کے لئے ٹیچر خود ایک جملہ ترتیب دے کر دکھائیں۔ باری باری ہر گروپ کے پاس جائیں۔ الفاظ کی پڑھائی میں بچوں کی مدد کریں تاکہ وہ اپنے جملے آسانی سے بنا سکیں۔ اب بچوں کو ان کی کوپیاں دیں۔ پہلے دن تاریخ لکھوائیں۔ جس گروپ نے جو جملہ ترتیب دیاہے وہی جملہ اپنی کوپی میں رکھے چونکہ آج پہلی بار جملے کی لکھائی کروائی جا رہی ہے۔ لہٰذا ٹیچر بورڈ پر لائن بنا کر فنگر اسپیسنگ (finger spacing) کے ساتھ جملے کی لکھائی کا طریقہ بتائیں۔ ہر بچے کے پاس جا کر دیکھیں کہ بچے صحیح طریقے سے لکھ رہے ہیں جو بچے اچھی کوشش کر رہے ہیں ان کی تعریف کریں۔ کام ختم ہونے پر بچوں کی کوپی پر ☆ ضرور بنائیں۔ جو بچے کوشش کے باوجود صحیح طور پر لکھائی کا کام نہیں کر سکے ہیں انہیں منفی الفاظ نہ کہیں بلکہ ان کی ہمت افزائی کریں اور انہیں اس بات کا یقین دلائیں کہ وہ بھی اچھا کام کر سکتے ہیں۔

## سیشن 5

- کتاب ''کیا'' کی ایک کوپی کلاس میں لے کر آئیں بچوں کو بتائیں کہ آپ ان کے لئے ایک دلچسپ کتاب لائی ہیں اور کتاب کا کور بچوں کو دکھائیں۔ ان سے کہیں کہ کور پر بنی ہوئی تصویریں غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ یہ کون لوگ ہیں؟ کیا کر رہے ہیں؟ کتاب پر کون سا لفظ لکھا ہوا ہے؟ کیا یہ لفظ بچوں نے کہیں اور بھی دیکھا اور پڑھا ہے؟ بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اب کور پر بنی ہوئی تصویروں سے متعلق فلیش کارڈز سوفٹ بورڈ پر لگائیں اور پڑھ کر سنائیں۔ بعد میں بچوں کو ڈرائنگ شیٹ دیں کہ کتاب کے کور پر بنی ہوئی تصاویر کی

مناسبت سے وہ اپنے امی، ابو، بھائی اور بہن کی تصویریں بنائیں اور بورڈ پر لکھے ہوئے فلیش کارڈ کی مدد سے تصویر کے مطابق الفاظ کی لکھائی کریں۔

## گھر کا کام

- نیچے دیئے گئے نامکمل جملے بلاک میں دیئے گئے الفاظ کی مدد سے مکمل کریں۔

1 یہ میری ________________ ہے۔
2 وہ میرے ________________ ہیں۔
3 میرا ________________ دوڑ رہا ہے۔
4 میری ________________ جھولے پر ہے۔
5 یہ ہم سب کا ________________ ہے۔

| | |
|---|---|
| ابو | بہن |
| بھائی | امی |
| گھر | |

## سیشن 6

- اردو کوپیاں جمع کریں۔ اگر آپ کے پاس وقت ہے تو گھر کا کام ابھی دیکھیں ورنہ بعد میں۔ جو بچے کام مکمل کر کے لائے ہیں ان کی تعریف کریں جن بچوں نے کام نہیں کیا ہے ان سے وجہ دریافت کریں۔ آج کتاب ''کیا'' بچوں کو دی جائے گی۔ لہٰذا بچوں کی تعداد کے مطابق کتابیں کلاس میں لائیں۔ کلاس میں آنے کے بعد بچوں کی توجہ اپنے ساتھ لائی ہوئی کتابوں کی طرف کروائیں۔ انہیں بتائیں کہ یہ کتابیں کلاس ختم ہونے سے کچھ دیر پہلے تقسیم کی جائیں گی۔ اب ٹیچرایک کتاب ہاتھ میں لے کر کہیں کہ کور پر موجود لوگوں کے بارے میں تو ہم باتیں کر چکے ہیں اب دیکھتے ہیں کہ اندر کے صفحات پر کون لوگ ہیں اور کیا ہو رہا ہے۔ پہلا صفحہ کھولیں (بہتر ہوگا کہ آج کا کام بھی گروپ ترتیب دے کر کروائیں ورنہ کلاس کے ہر بچے کو بات کرنے کا موقع نہیں مل سکے گا۔ ایسے بچوں سے خاص طور پر سوالات کریں جو خاموش بیٹھنا پسند کرتے ہیں)۔ جس گروپ کے ساتھ آپ کام کر رہی ہیں اس کے پاس جائیں کہ سب بچے قریب سے تصویریں دیکھیں تصویریں دکھا کر بچوں سے سوالات کریں کہ اس صفحہ پر انہیں کیا کیا نظر آ رہاہے اور ان تصاویر کے ذریعے ان کے خیال میں کیا کہانی بن سکتی ہے۔ کلاس میں بیٹھے ہوئے بقیہ بچوں سے کہیں کہ وہ بھی غور سے سنیں کہ یہ گروپ کیا باتیں کر رہا ہے۔ اس طرح ہرگروپ کے ساتھ ترتیب وار صفحات کی تصویریں دکھائیں اور سوالات کریں کچھ سوالات ہر صفحہ پر کئے جا سکتے ہیں۔ مثلاً تصویر میں نظر آنے والے کردار ایک دوسرے کے دوست ہیں یا رشتہ دار؟ اگر رشتہ دار ہیں تو کون کون ہو سکتے ہیں؟ ان کے نام کیا ہو سکتے ہیں؟ مختلف صفحات پر کون کون سی جگہیں نظر آ رہی ہیں؟ دیوار پر کون ہے؟ سب کے چہرے دیکھ کر کیا اندازہ ہو رہا ہے کہ یہ لوگ حیرت میں ہیں ناراض ہیں یا خوش ہیں؟ آخری صفحہ دکھانے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ اب کس کس بچے کو کہانی سمجھ میں آ گئی ہے۔ بچوں کو کتابیں دے کر کہیں کہ ہر صفحہ کو غور سے دیکھیں اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ کہانی کے بارے میں باتیں کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج یہ کتاب وہ اپنے ساتھ گھر لے جائیں گے اور کل واپس لائیں گے۔

## گھر کا کام

- کتاب ''کیا'' کی تصویریں امی کو دکھائیں اور ان سے کہانی پوچھیں۔ کتاب ''کیا'' اسکول واپس لے کر آئیں اپنی اردو کی کوپی میں ایک بلی بنائیں اور لائنوں والے صفحہ پر یہ جملہ لکھیں۔

یہ میری بلی ہے۔

## سیشن 7

- اردو کوپی جمع کروائیں۔ اگر ممکن ہو تو گھر کا کام اسی وقت دیکھ لیں۔ اب کتاب ''کیا'' سے متعلق فلیش کارڈز کی پڑھائی کروائیں۔ خیال رہے کہ ہر بچے کی باری آنی چاہئے۔ بعد میں یہ فلیش کارڈز سوفٹ بورڈ پر لگا دیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ کتاب ''کیا'' نکالیں۔ ان سے پوچھیں کہ کیا اپنی امی کے ساتھ انہوں نے کتاب دیکھی تھی؟ امی کو کتاب کیسی لگی؟ کیا امی نے کہانی بوجھ لی تھی؟ اب بچوں کو کوپی دیں۔ دن تاریخ لکھوائیں۔ انہیں بتائیں کہ آج آپ انہیں جوڑ توڑ کا کام کروائیں گی۔ خیال رکھیں کہ بورڈ پر الفاظ کی لکھائی اور توڑ کر لکھنے کا کام انتہائی واضح انداز میں کیا جائے۔

| جوڑ | توڑ |
| --- | --- |
| نل | ن + ل |
| کام | ک + ا + م |
| ابو | ا + ب + و |
| امی | ا + م + ی |
| گھر | گ + ھ + ر |
| لڑکی | ل + ڑ + ک + ی |
| لڑکا | ل + ڑ + ک + ا |
| درخت | د + ر + خ + ت |

## نوٹ

- اگر ٹیچر کے خیال میں یہ الفاظ زیادہ ہیں اور وقت کم ہے تو چار الفاظ کلاس میں کروائیں اور چار گھر کے کام کے لئے دے دیں۔ بورڈ پر الفاظ کی لکھائی اور توڑ کر لکھنے کا کام کرتے وقت چند اہم اصول بچوں کو ضرور بتائیں۔

1 جوڑ کر لکھائی کرنے کی صورت میں حروف کی شکلیں کیا ہوتی ہیں اور وہ کس طرح لکھی جاتی ہیں۔ توڑ کر لکھتے وقت کس طرح لکھی جاتی ہیں۔

2 حروف کی آوازیں بھی بتائیں۔

3 ہر لفظ میں آخری حرف کی ہمیشہ پوری شکل لکھی جاتی ہے۔ جوڑ کر لکھائی کی جائے یا توڑ کر۔ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کی طرف توجہ دلائیں۔

4 تشدید والے الفاظ کی طرف اشارہ کریں اور بتائیں کہ جس حرف پر تشدید لگ جائے اس کی آواز دوبارہ سنائی دیتی ہے، اس لئے توڑ کر لکھائی کرتے وقت تشدید والی آواز کی لکھائی دوبار کی جاتی ہے۔

## سیشن 8

- کتاب کے آخری صفحے کی مناسبت سے 1 سے 5 تک گنتی پر کام کروایا جائے گا۔ آخری صفحے پر ایک بڑی بلی اور اس کے چار بچوں کی تصویریں ہیں۔ ٹیچر بورڈ پر 1 سے 5 تک گنتی کی لکھائی ہندسوں اور الفاظ میں واضح انداز میں کریں اور بچوں سے کہیں کہ اپنی اردو کوپی میں اتار لیں۔

| ہندسے | الفاظ |
|---|---|
| 1 | ایک |
| 2 | دو |
| 3 | تین |
| 4 | چار |
| 5 | پانچ |

اب بچوں کو سوال و جواب سے متعلق ورک شیٹ دیں۔ ورک شیٹ پر دن تاریخ اور نام لکھوائیں۔ پڑھ کر سمجھائیں کہ یہ کام انہیں کس طرح کرنا ہے۔ ورک شیٹ پر کام کرنے کے دوران بچوں کے پاس جائیں اور حسب ضرورت ان کی مدد کریں۔ کام ختم ہونے کے بعد کوپی اور ورک شیٹ لے لیں۔

### نوٹ

- بعد میں یہ ورک شیٹ کوپی میں چپکائیں۔

### گھر کا کام

- دی گئی ورک شیٹ مکمل کر کے لائیں۔

# کیا

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
دوسرا ایڈیشن : اپریل 2007
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk